10 نومبر 2023ء

اکتوبر 2023ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی پریس ریلیز

- اکتوبر 2023ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مد میں 2.5 ارب ڈالر کی رقم آئی۔
- نمو کے لحاظ سے اکتوبر 2023ء کے دوران ترسیلاتِ زر میں ماہ بماہ بنیاد پر 11.5 فیصد اور سال بسال بنیاد پر 9.6 فیصد اضافہ ہوا۔
- مالی سال 24ء کے پہلے چار مہینوں کے دوران کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مد میں 8.8 ارب ڈالر کی رقم آئی۔
- اکتوبر 2023ء کے دوران ترسیلاتِ زر زیادہ تر سعودی عرب (616.8 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (473.9 ملین ڈالر)، برطانیہ (330.2 ملین ڈالر) اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ (283.3 ملین ڈالر) سے موصول ہوئیں۔

***